سوال

ایک مرتبہ میں سحری کےلئے اٹھا تو مجھ پر غسل واجب ہوچکا تھا۔ سحری کا وقت ختم ہونے میں وقت بہت کم تھا میں نے صرف وضو کرکے تین دفعہ غرارے کرکے ناک میں پانی ڈالا اور سحری کےلیے بیٹھ گیا۔ پھر صبح پورے غسل کا اہتمام کیا جو روزے کی حالت میں کیا جاتا ہے۔ کیا غسل واجب ہونے کی حالت میں روزہ رکھ سکتے ہیں؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزہ رکھنے کےلیے طہارت کا ہونا ضروری نہیں ہے، اگر کسی شخص کو رات میں احتلام ہوجائے یا بیوی سے ہمبستری کرنے کی وجہ سے اس پر غسل فرض ہوجائے تو وہ اسی حالت میں روزہ رکھ سکتا ہے، لیکن نماز فجر سے پہلے غسل کرنا ضروری ہے، کیونکہ نماز کےلیے طہارت شرط ہے۔

سیدہ عائشہ اور سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ بعض اوقات بیویوں کی مقاربت کی وجہ سے صبح تک بحالت جنابت رہتے پھر غسل کرتے اور روزہ رکھ لیتے۔ **(صحيح البخاري، الصوم: 1926، صحيح مسلم، الصيام: 1109)**

واللہ أعلم بالصواب